سلسلہ نمبر۲۹

''الحامد ٹرسٹ'' نزد جامعہ مدنیہ جدید رائیونڈ روڈ لاہور کی جانب سے شیخ المشائخ محدثِ کبیر حضرت اقدس مولانا سیّد حامد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے بعض اہم خطوط اور مضامین کو سلسلہ وار شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے جو تا حال طبع نہیں ہو سکے جبکہ ان کی نوع بنوع خصوصیات اس بات کی متقاضی ہیں کہ افادۂ عام کی خاطر اِن کو شائع کر دیا جائے۔ اسی سلسلہ میں بعض وہ مضامین بھی شائع کیے جائیں گے جو بعض جرائد و اخبارات میں مختلف مواقع پر شائع ہو چکے ہیں تاکہ ایک ہی لڑی میں تمام مضامین مرتب و یکجا محفوظ ہو جائیں۔ (ادارہ)

# مکتوب گرامی

## بنام مولانا محمد نافع صاحب ضلع جھنگ

محترمی و مکرمی دام مجدکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

گرامی نامہ سے حوالے موصول ہوئے۔ خیال آتا ہے کہ وَوُلِدَتْ لَہٗ زَیْنَبُ بِنْتُ اَبِیْ ھَالَۃَ سے زینب بنت النبی ﷺ کی نفی مراد نہیں، ممکن ہے وہ اِنتقال کر گئی ہوں۔ اِن ہی کے نام پر جنابِ رسول اللہ ﷺ نے اِن کا نام رکھ دیا ہو، یہ توجیہ ہو سکتی ہے ورنہ غلطی ہے۔

مروان کے متعلق تو یہ ہے کہ میری طبیعت میں اُس سے بُعد ہی صرف اِس وجہ سے ہے کہ اُس نے قتلِ طلحہؓ جیسے عظیم جرم کا اِرتکاب کیا تھا۔ جناب نے اِصابہ ملاحظہ فرمائی ہوگی۔ اَتَرْحَبُ بِیْ یَااَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَقَدْ قَتَلْتَ وَالِدِیْ میں تو مجاز ہی مراد ہے یعنی آپ کے لشکر والوں نے شہید کیا۔ خود حضرت علی رضی اللہ عنہ مراد نہیں ہیں۔ ایسی گڑبڑ میں وہ جرم جو چھپ کر کیا گیا ہو، ابن طلحہؓ کو کیسے معلوم ہو سکتا تھا۔

اور بَشِّرْہُ بِالنَّارِ کے کلمات میں بھی کسی کو مغالطہ ہوا ہے۔ یہی کلمات قاتلِ زبیرؓ کے متعلق بھی منقول ہیں اور وہ زیادہ معقول ہیں۔ اُنہیں راستہ میں اِس خبیث نے شہید

کیا تھا اور حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی وفات زخمی ہونے کے بعد خاص بصرہ میں ہوئی ہے۔ فوراً ایک مکان لے کر اُس میں آپ کو لے جایا گیا، وہیں وفات پائی، تیر کا زخم سببِ وفات ہوا۔ مارنے والے کا اُس وقت کوئی پتہ نہ چل سکا تھا۔ سَھْمٌ غَرْبٌ اور سَھْمٌ اَرْسَلَهُ اللّٰهُ جیسے کلمات ملتے ہیں۔

مجھے تو آجکل وقت نہیں مل رہا کہ مراجعت کر کے کتاب کے حوالے عرض کروں۔ آنجناب ملاحظہ فرما کر رائے سے مطلع فرمائیں۔ وہ روایات صحیح اور صریح ہیں۔

والسلام

خواستگارِ دُعاء

حامد میاں

۲۴ فروری ۱۹۸۳ء


## درسِ حدیث

حضرت مولانا سید محمود میاں صاحب (مہتمم جامعہ مدنیہ جدید) ہر انگریزی مہینے کے دُوسرے ہفتہ کو بعد از نمازِ عصر 5:30 بمقام 35-X فیز III ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی لاہور میں مستورات کو حدیث شریف کا درس دیتے ہیں۔ خواتین کو شرکت کی عام دعوت ہے۔

رابطہ نمبر : 0333 - 4300199 - 042 - 5027139

042 - 7726702

نوٹ : سفر کے درپیش ہونے کی بناء پر درس نہیں ہو سکے گا لہٰذا کسی بھی غیر متوقع زحمت سے بچنے کے لیے مقررہ تاریخ سے ایک دن پہلے خواتین فون پر رابطہ کر کے درسِ حدیث کے انعقاد کی ضرور تصدیق کر لیا کریں۔ شکریہ